**مقرر:** یہ ویڈیو پناہ کے دعووں سے متعلق سماعت کے بارے میں مفید معلومات فراہم کرتی ہے۔
مزید تفصیلات اور تازہ ترین معلومات کے لیے ہماری ویب سائٹ ملاحظہ کریں: irb.gc.ca

**موسیقی:** پس منظر میں دھیمی موسیقی چل رہی ہے۔

**مقرر:** جب آپ کینیڈا میں پناہ کے تحفظ کا دعویٰ کرتے ہیں، تو اپنے دعوے کے حق میں ثبوت فراہم کرنا آپ کی ذمہ داری ہوتی ہے۔ یہ دستاویزات آپ کے پناہ کے دعوے کی سماعت میں آپ کے مؤقف کی تائید کریں گی۔

یہ ویڈیو آپ کی رہنمائی کرے گی کہ آپ کس طرح اپنے شواہد اکٹھے کریں اور انہیں امیگریشن اینڈ ریفیوجی بورڈ آف کینیڈا کی ریفیوجی پروٹیکشن ڈویژن RPD میں جمع کرائیں۔ لیکن یاد رکھیں، آپ کو یہ سب کچھ اکیلے کرنے کی ضرورت نہیں ہے۔ سب سے پہلے، آئیے دیکھتے ہیں کہ کون لوگ اس عمل میں آپ کی مدد کر سکتے ہیں۔

پناہ کے دعوے کے عمل میں رہنمائی کے لیے کسی پیشہ ور شخص کی خدمات حاصل کرنے پر غور کریں۔ ان پیشہ ور افراد کو "وکیل" (counsel) کہا جاتا ہے۔ وہ وکیل یا امیگریشن کنسلٹنٹ ہو سکتے ہیں۔ کچھ جگہوں پر، آپ نوٹری پبلک یا پیرا لیگل کو بھی بطور وکیل رکھ سکتے ہیں۔

اگر آپ وکیل رکھنا چاہتے ہیں تو جتنی جلدی ممکن ہو ایسا کریں۔ وکیل کی فیس ادا کرنا آپ کی ذمہ داری ہوگی، جب تک کہ آپ اپنے صوبے میں کسی قانونی امدادی ادارے سے مدد کے اہل نہ ہوں۔

اگر آپ کے پاس وکیل ہے تو وہ سماعت میں آپ کی نمائندگی کرے گا۔ سماعت سے پہلے وہ آپ کے ساتھ آپ کے پناہ کے دعوے پر بات کرے گا اور آپ کو مشورہ دے گا کہ کون سے شواہد اکٹھے کر کے اپنے دعوے کے ساتھ پیش کرنے چاہئیں۔

اگر آپ فیصلہ کرتے ہیں کہ کوئی دوست، خاندان کا فرد، یا رضاکار آپ کی نمائندگی کرے تو وہ آپ سے کسی قسم کی فیس نہیں لے سکتا۔ اس صورت میں، اس شخص کو *Notice of Representation Without a Fee* یا *Other Consideration* *فارم مکمل کرنا* ہوگا۔

یہ فارم آپ کو IRB کی ویب سائٹ کے Refugee Claims سیکشن میں "فارمز" کے تحت مل سکتا ہے۔

آپ کو لازمی طور پر کسی کی نمائندگی کی ضرورت نہیں ہے۔ خود اپنی نمائندگی کرنے کا مطلب یہ ہے کہ آپ کو خود فیصلہ کرنا ہوگا کہ کون سا ثبوت پیش کرنا ہے اور اپنے دعوے کے حق میں کون سے دلائل دینے ہیں۔

**مقرر:** جب آپ نے پناہ کے تحفظ کا دعویٰ کیا، تو آپ نے Canada Border Services Agency یا Immigration, Refugees and Citizenship Canada کے ایک افسر سے بات کی تھی، جس نے یہ فیصلہ کیا کہ آیا آپ کا پناہ کا دعویٰ RPD کو بھیجے جانے کے اہل ہے یا نہیں۔

اگر آپ کسی داخلے کے مقام، جیسے ہوائی اڈے یا سرحدی گزرگاہ، پر پہنچے تھے، تو آپ کو Basis of Claim Form فراہم کیا گیا تھا اور آپ نے یہ مکمل فارم RPD کو بھیج دیا تھا۔

اگر آپ نے پناہ کا دعویٰ اس وقت کیا جب آپ پہلے ہی کینیڈا میں موجود تھے، تو آپ نے مکمل شدہ *Basis of*

*Claim Form* امیگریشن، ریفیوجیز اینڈ سٹیزن شپ کینیڈا (IRCC) کو فراہم کیا تھا۔ اگر آپ کا دعویٰ اہل قرار پایا، تو افسر نے آپ کا فارم RPD کو بھیج دیا۔

چاہے آپ نے پناہ کے تحفظ کا دعویٰ کہیں بھی کیا ہو، ***Basis of Claim Form*** کا مقصد ایک ہی ہے۔

یہ وہ دستاویز ہے جس کے ذریعے آپ اپنا پناہ کے تحفظ کا دعویٰ پیش کرتے ہیں۔

**مقرر:** Basis of Claim Form *میں موجود سوالات* اس لیے تیار کیے گئے ہیں تاکہ آپ اپنی کہانی کے اہم حصے، اپنی زندگی کے تجربات، اور کینیڈا میں پناہ لینے کی وجوہات شاملکر سکیں

RPD انہی معلومات کی بنیاد پر آپ کے دعوے پر فیصلہ کرتا ہے، اس لیے یہ نہایت ضروری ہے کہ آپ کے *Basis of Claim Form* میں ہر چیز مکمل، سچی اور درست ہو۔

**مقرر:** جب آپ اپنا Basis of Claim Form جمع کروا دیتے ہیں، تو آپ کو ایسے دستاویزات بھی جمع کروانے ہوتے ہیں جو آپ کے پناہ کے دعوے کی حمایت کرتے ہیں۔ ان دستاویزات کو شواہد (evidence) کہا جاتا ہے۔
ممکن ہے کہ آپ اپنے ملک چھوڑنے سے پہلے تمام شواہد حاصل نہ کر سکے ہوں، یا بالکل بھی نہ کر سکے ہوں۔

لیکن اب جب کہ آپ کینیڈا میں ہیں، تو یہ ضروری ہے کہ آپ اپنے شواہد اکٹھے کرنا شروع کریں۔

آپ کو اپنے دعوے کے لیے شواہد جتنی جلدی ممکن ہو جمع کرانے چاہئیں، اور ہر صورت میں سماعت کی تاریخ سے کم از کم 10 دن پہلے تک جمع کروانے چاہئیں۔ شواہد جمع کرانے کے لیے آخری وقت تک انتظار نہ کریں۔

اگر آپ کو سماعت سے 10 دن سے کم وقت رہ جانے پر شواہد جمع کرانے کی ضرورت پیش آتی ہے، تو آپ کو اس کے لیے اجازت لینی ہوگی۔ اجازت صرف خاص حالات میں دی جاتی ہے۔ اس کے لیے آپ کو لیٹ ڈسکلوژر جمع کرانے کی درخواست فارم پُر کرنا ہوگا، جو آپ کو IRB کی ویب سائٹ پر مل جائے گا۔

اپنے دستاویزات جلدی جمع کرانے سے RPD کو یہ فیصلہ کرنے میں مدد ملتی ہے کہ آپ کی سماعت کب طے کی جائے، یا آیا آپ کا دعویٰ سماعت کے بغیر ہی قبول کیا جا سکتا ہے۔

**مقرر:** اب آئیے تفصیل سے ان دو اقسام کے شواہد پر نظر ڈالتے ہیں جو آپ کے دعوے کا جائزہ لینے کے لیے استعمال کیے جاتے ہیں۔ ایک وہ معلومات ہیں جو آپ کے ملک کی صورتحال سے متعلق ہیں، اور دوسری ذاتی دستاویزات۔

---

**مقرر:** آپ کینیڈا کی حفاظت اس ملک کے خلاف طلب کر رہے ہیں جہاں آپ کو ظلم و ستم کا خوف ہے۔

آپ کے دعوے کا درست جائزہ لینے کے لیے، آپ کے کیس میں فیصلہ کرنے والے شخص کو آپ کے ملک کی صورتحال کے بارے میں جاننا ضروری ہے۔ وہ "نیشنل ڈاکیومینٹیشن پیکیج" یا NDP نامی چیز کا جائزہ لے گا۔

NDP ایسی عوامی دستاویزات کا مجموعہ ہوتا ہے جو کسی ملک کی سیاسی، سماجی، ثقافتی، اقتصادی اور انسانی حقوق کی صورتحال پر رپورٹ کرتی ہیں۔ کسی ملک کی صورتحال اکثر بدلتی رہتی ہے، اس لیے NDP کو باقاعدگی سے اپ ڈیٹ کیا جاتا ہے۔

آپ کے کیس کے لیے مقرر ممبر آپ کے ملک کے NDP میں موجود معلومات کا جائزہ لے گا جب وہ آپ کے دعوے پر فیصلہ کرے گا۔

یہ ضروری ہے کہ آپ بھی IRB کی ویب سائٹ پر جا کر اپنے ملک کے NDP کا جائزہ لیں۔

چونکہ IRB کے پاس پہلے ہی NDP میں شامل شواہد موجود ہوتے ہیں، اس لیے آپ کو ان دستاویزات کو ہمیں بھیجنے کی ضرورت نہیں ہے۔
تاہم، ممکن ہے آپ کے ملک سے متعلق کچھ ایسی دستاویزات موجود ہوں جو NDP میں شامل نہ ہوں۔ اگر آپ ان اضافی دستاویزات کو اپنے دعوے کی حمایت کے لیے جمع کرانا چاہتے ہیں، تو آپ زیادہ سے زیادہ 100 صفحات بھیج سکتے ہیں۔ اگر آپ کا دعویٰ ایک سے زیادہ ممالک سے متعلق ہے تو آپ ہر ملک کے لیے 100 صفحات بھیج سکتے ہیں۔ اگر آپ کے پاس کسی ملک کے لیے 100 سے زیادہ صفحات ہیں، تو آپ کو وولیومینس ڈسکلوژر جمع کرانے کی درخواست فارم پُر کرنا ہوگا، جو آپ کو IRB کی ویب سائٹ پر ملے گا۔

---

**مقرر:** آپ کو کچھ ذاتی دستاویزات بھی جتنی ***جلدی*** ممکن ہو RPD کو فراہم کرنی ہوتی ہیں۔

جب آپ نے کینیڈا میں پناہ کا دعویٰ کیا تھا، تو آپ کو اپنی شناخت اور سفری دستاویزات کی ایک نقل *Basis of Claim Form* کے ساتھ RPD کو جمع کرانی چاہیے تھی۔ مثال کے طور پر ایسی دستاویزات جو آپ کا نام اور تاریخ پیدائش ظاہر کرتی ہیں، جیسے پاسپورٹ، قومی شناختی کارڈ، پیدائش کا سرٹیفیکیٹ، اسکول کا سرٹیفیکیٹ، ڈرائیونگ لائسنس، فوجی دستاویزات، یا کسی پیشہ ورانہ یا مذہبی رکنیت کا کارڈ۔

اگر آپ نے اپنی شناخت اور سفری دستاویزات کی نقل Basis of Claim Form کے ساتھ فراہم نہیں کی، یا اگر آپ کو یہ دستاویزات فارم جمع کرانے کے بعد موصول ہوئیں، تو آپ کو فوراً ان کی ایک نقل RPD کو بھیجنی چاہیے۔

---

**مقرر:** شناختی دستاویزات کے ساتھ ساتھ، آپ دیگر دستاویزات بھی جمع کرا سکتے ہیں جو آپ کے پناہ کے دعوے کی حمایت کرتی ہیں۔

مثال کے طور پر سیاسی تنظیموں کی رکنیت کا ثبوت، طبی یا نفسیاتی رپورٹس، پولیس دستاویزات، کاروباری ریکارڈ، اخباری تراشے، یا سوشل میڈیا پوسٹس۔ یعنی ایسی کوئی بھی چیز جو آپ کے دعوے کو مضبوط بناتی ہو۔

| |
|---|
| **مقرر:** جب فیصلہ کرنے والا فرد آپ کا بیسس آف کلیم فارم دیکھتا ہے، تو RPD آپ سے مخصوص دستاویزات کی درخواست کر سکتا ہے۔ آپ کو ان ہدایات پر بہت احتیاط سے عمل کرنا ہوگا۔<br><br>اگر آپ شناختی یا ذاتی دستاویزات، یا وہ دستاویزات جو RPD آپ سے مانگتا ہے، فراہم نہیں کرتے، تو آپ کو سماعت کے دوران وضاحت کرنا ہوگی کہ وہ آپ کے پاس کیوں نہیں ہیں۔ آپ کو یہ بھی ثابت کرنا ہوگا کہ آپ نے انہیں حاصل کرنے کے لیے معقول کوشش کی تھی۔ |
| **مقرر:** اب جبکہ آپ جان چکے ہیں کہ ***کون*** سے شواہد اکٹھے کرنے ہیں، آپ کو یہ بھی جاننا ضروری ہے کہ انہیں RPD کو ***کیسے*** جمع کرانا ہے۔<br>اس کے لیے چھ مراحل ہیں۔ آئیے ہر مرحلے پر تفصیل سے نظر ڈالتے ہیں۔ |
| **مقرر:** پہلا مرحلہ: دستاویزات جمع کرانے سے پہلے یہ یقینی بنائیں کہ وہ انگریزی یا فرانسیسی میں ہیں۔ اگر انہیں کسی دوسری زبان سے ترجمہ کرنے کی ضرورت ہے، تو مترجم کا اعتراف(translator's declaration) اور اصل دستاویزات کی نقول شامل کریں۔ |
| **مقرر:** دوسرا مرحلہ: اپنی تمام دستاویزات کو ایک ساتھ ترتیب دیں، صفحات کو نمبر دیں، اور ایک کور پیج شامل کریں۔ IRB کے پاس ایک فارم ہے جسے *List of Claimant's Documents* کہا جاتا ہے، جسے آپ کور پیج کے طور پر استعمال کر سکتے ہیں۔<br><br>یہ فارم آپ کو IRB کی ویب سائٹ کے Refugee Claims سیکشن میں "فارمز" کے تحت مل سکتا ہے۔<br><br>آپ یہ فارم آن لائن بھر کر پرنٹ کر سکتے ہیں، یا اسی کو مثال کے طور پر استعمال کرتے ہوئے اپنا کور پیج خود بنا سکتے ہیں۔ |
| **مقرر:** تیسرا مرحلہ: اپنی تمام دستاویزات کے پیکج کی کاپیاں بنائیں، جن میں کور پیج بھی شامل ہو۔ یہ بہت اہم ہے کہ آپ اپنے تمام بھیجے گئے دستاویزات کی ایک کاپی اپنے پاس رکھیں تاکہ آپ انہیں سماعت کے دوران استعمال کر سکیں۔ |
| **مقرر:** چوتھا مرحلہ: اپنی دستاویزات کی ایک کاپی RPD کو ہماری ویب سائٹ پر درج کسی بھی طریقے سے بھیجیں۔<br><br>ہم آپ کی حوصلہ افزائی کرتے ہیں کہ آپ My Case پورٹل استعمال کریں۔ IRB کی ویب سائٹ پر جا کر دیکھیں کہ آیا یہ آپ کے لیے دستیاب ہے۔ |
| **مقرر:** پانچواں مرحلہ: بعض اوقات سماعت میں Minister's Counsel بھی شامل ہو سکتا ہے۔ یہ وہ شخص ہوتا ہے جو آپ کے hired وکیل سے مختلف ہوتا ہے۔<br><br>Minister's Counsel کینیڈا بارڈر سروسز ایجنسی یا امیگریشن، ریفیوجیز اینڈ سٹیزن شپ کینیڈا کے لیے کام کرتا ہے اور وزیرِ عوامی تحفظ یا وزیر امیگریشن، ریفیوجیز اینڈ سٹیزن شپ کی نمائندگی کرتا ہے۔<br><br>اگر Minister Counsel سماعت میں شامل ہونے کا فیصلہ کرتا ہے، تو وہ آپ کو ایک نوٹس آف انٹروینشن *Notice of Intervention* بھیج کر آگاہ کرے گا۔ |

| |
|---|
| Minister Counsel تحریری طور پر بھی حصہ لے سکتا ہے، یعنی وہ آپ اور RPD کو شواہد فراہم کرے گا، یا وہ سماعت میں خود آ کر آپ سے سوالات کرے گا۔<br><br>یاد رکھیں، چاہے Minister Counsel حصہ لے یا نہ لے، آپ کے دعوے پر فیصلہ RPD کا ممبر ہی کرے گا۔<br><br>آپ کو یہ نوٹس سماعت سے کم از کم 10 دن پہلے موصول ہو جانا چاہیے۔ اس نوٹس پر Minister Counsel کا پتہ درج ہوگا۔<br><br>اگر Minister Counsel آپ کی سماعت میں شریک ہے، تو آپ پر لازم ہے کہ آپ اپنی تمام شواہد کی ایک کاپی اسے بھیجیں اور RPD کو اطلاع دیں کہ آپ نے ایسا کر دیا ہے۔ |
| **مقرر:** اور آخری مرحلہ ہے مرحلہ نمبر چھ: اپنی تمام دستاویزات، بشمول نقول اور اصل، سماعت پر اپنے ساتھ لے کر آئیں۔<br><br>یہ وہ چھ مراحل ہیں جن پر آپ کو امیگریشن اینڈ ریفیوجی بورڈ کی ریفیوجی پروٹیکشن ڈویژن RPD کو دستاویزات جمع کراتے وقت عمل کرنا ہوتا ہے۔ |
| **مقرر:** پناہ کے دعوے کے عمل سے متعلق تازہ ترین معلومات کے لیے IRB کی ویب سائٹ پر جائیں یا عمومی معلومات کے لیے ہمارے مفت ہیلپ لائن نمبر 1-833-931-5121 پر کال کریں۔ |
| **مقرر:** آپ اسکرین پر موجود QR کوڈ کو اسکین کر کے *ہم سے رابطہ کریں* صفحے پر جا سکتے ہیں، جہاں آپ کو دستاویزات جمع کرانے اور سوالات کی صورت میں ہم سے رابطہ کرنے کی تفصیلات ملیں گی۔ |